**Series HRK/1**

**SET-3**

کوڈ نمبر

Code No. **48/1/3**

رول نمبر

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code No. on the title page of the answer-book.

- جانچ لیجئے کہ اِس سوال کے پرچے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 4 + 2 نقشے ہیں۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہے۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 30 ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے پرچہ کے مطابق سوال کا سلسلہ نمبر جوابی کاپی میں لکھئے۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقت کے دوران طلباء پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages + **2** Maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10. 15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

مجموعی امتحان -II

SUMMATIVE ASSESSMENT-II

# سوشیل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

(Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

کل نمبر : 90

Time allowed : 3 hours ]

[ Maximum marks : 90

P.T.O.

**عام ہدایات :**

(i) اِس پرچہ میں کل **30** سوال ہیں۔ **سبھی لازمی** ہیں۔

(ii) ہرایک سوال کے سامنے اس کے نمبر دیئے گئے ہیں۔

(iii) سوال نمبر **1** سے **8** تک بہت چھوٹے جواب والے سوال ہیں۔ ہرایک سوال **ایک نمبر** کا ہے۔ان میں سے ہرایک سوال کا جواب **30** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(iv) سوال نمبر **9** سے **20** تک **3** نمبروالے سوال ہیں۔ ہرایک سوال کا جواب **80** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(v) سوال نمبر **21** سے **28** تک **5** نمبروالے سوال ہیں۔ان میں سے ہرایک سوال کا جواب **120** لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(vi) سوال نمبر **29** اور **30** نقشے کے سوال ہیں۔ ہرایک **3** نمبر کا ہے۔دونوں ہسٹری اور جغرافیہ سے ہیں۔انھیں پورا کرنے کے بعد نقشوں کو اپنی جوابی کاپی کے اندر لگا دیجئے۔

**1.** 1932 میں کس معاہدے نے 'ڈیپریسڈ کلاسیز' (جو بعد میں شیڈولڈ کاسٹ کہلائیں) کو صوبائی اور مرکزی لیجسلیٹو کاؤنسلوں میں محفوظ نشستیں (سیٹیں) دلوائیں؟ 1

**2.** 'مشرق۔مغرب گلیارے' کے مغربی ٹرمنل اسٹیشن کا نام لکھیے۔ 1

**3.** صارف کے 'انتخاب کے حق' کی کوئی ایک مثال دیجئے۔ 1

**4.** بولیویا پانی کی جنگ کی اہم وجہ بیان کیجئے۔ 1

**5.** اگر آپ کسی سرکاری محکمے کے کاموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کس حق کا استعمال کریں گے؟ 1

**6.** 'دباؤ گروپ' کیسے بنتے ہیں؟ 1

**7.** ہندوستان کے کسی ایک 'دباؤ گروپ' کی مثال دیجئے جو 'سیاسی پارٹی' کی ایک شاخ کی شکل میں کام کرتا ہے۔ 1

**8.** ضرورتوں کے دوہرے ساتھ ساتھ ہونے والے واقعات میں چھپے ہوئے مسئلہ کو اجاگر کیجئے۔ 1

**9.** ''بینک زرمبادلہ کے اثر آفریں (کارگذار) ذریعہ ہیں'' دلیلیں دے کر اس قول کی تائید کیجئے۔ 1x3=3

**10.** اقتصادی لحاظ (economic front) پر 'عدم تعاون تحریک' کی وجہ سے پڑے کوئی تین اثرات بیان کیجئے۔ 1x3=3

**11.** ہندوستان میں صارف تحریک کو شروع کرنے کے کوئی تین اسباب بیان کیجئے۔ 1x3=3

**12.** اشیااور خدمات کوایک جگہ سے دوسری جگہ تک پہچانے کے لیے نقل وحمل کے کارگزاراور تیز رفتار ذرائع کیوں ضروری ہیں؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 1x3=3

**13.** دباؤ گروپ اور تحریکات، سیاست کو کس طرح متاثر کرتی ہیں؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 1x3=3

**14.** آزادی کی تحریک کے دوران قوم پرستی کو کامیاب کرنے میں لوک کتھاؤں، گیتوں اور پاپولر پرنٹ وغیرہ کے رول کا تجزیہ کیجئے۔ 1x3=3

**15.** 'جمہوریت' 'جائز حکومت' (legitimate government) کیسے ہے؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔ 1x3=3

**16.** ہندوستان میں کچالوہا (iron ore) کی 'اوڈیشہ۔جھارکھنڈ پیٹی' کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجئے۔ 1x3=3

**17.** جمہوریت کو بہتر بنانے والی کنہیں تین اقدار کا جائزہ لیجئے۔ 1x3=3

**18.** زراعت اور صنعت دونوں کا ایک دوسرے پر منحصر ہونے کو مثالیں دے کر بیان کیجئے۔ 1x3=3

**19.** قرض دینے والے قرض دیتے وقت 'ضمانت' کے لیے کیوں کہتے ہیں؟ اسباب کا جائزہ لیجئے۔ 3

**20.** فرانس کے انقلابیوں نے فرانسیسی عوام میں ایک اجتماعی شناخت کا شعور پیدا کرنے کے لیے جو قدم اٹھائے ان میں سے کوئی تین اقدام بیان کیجئے۔ 1x3=3

**یا**

ویت نام پر فرانسیسیوں کے قبضے (نوآبادیاتی تسلط) کے بعد ویت نامیوں کی زندگی میں آئی کوئی تین تبدیلیاں بیان کیجئے۔

**21.** ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں میں سدھار لانے کے لئے کی گئیں کوئی پانچ کوششیں بیان کیجئے۔ 1x5=5

**22.** ہندوستان کی پٹ سن (جوٹ) کی صنعت کے سامنے آئے کوئی دو خاص چیلنجوں کو بیان کیجئے۔
قومی جوٹ پالیسی (نیشنل جوٹ پالیسی) کے کوئی تین مقاصد بیان کیجئے۔ 2+3=5

**23.** 'ہندوستانی ریلیں ملک کی اقتصادی ترقی کے ساتھ ساتھ صنعت اور زراعت کی ترقی کو بڑھاوا دیتی ہیں'۔
اس قول کی تائید مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ 5

**24.** ''مہاتما گاندھی کی سوچ (ideas) اور ان کے 'سوراج' کے بارے میں چائے کے باغات میں کام کرنے والے مزدور خود اپنی سمجھ رکھتے تھے۔''
اس قول کی حمایت کیجئے۔ 1x5=5

**25.** 'سیاسی پارٹیوں' کے سامنے اہم 'چیلنجوں' کا جائزہ لیجیے؟ 5

**26.** عالم کاری کے عمل کو بڑھاوا دینے میں ٹکنالوجی کے رول کو بیان کیجیے۔ 1x5=5

**27.** 'صارفین کی سرگرم حصہ داری سے ہی صارف تحریک مؤثر ہو سکتی ہے۔' اس قول کی تائید کیجیے۔ 1x5=5

**28.** 1815 میں 'ویانا اجتماع' کی میزبانی کس نے کی؟ 'ویانا معاہدے' کے ذریعہ کی گئیں خاص تبدیلیوں کو بیان کیجیے۔ 1+4=5

**یا**

ویت نام میں امپیریل مخالف جذبات کو ابھارنے میں 'ہوا۔ہاؤ' تحریک کے رول کا جائزہ لیجیے۔

**29.** ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی خاکے کے نقشے پر A ، B اور C دکھائے گئے ہیں۔

ان کو درج ذیل معلومات کی مدد سے پہچانئے اور ان کے صحیح نام نقشے میں کھینچی گئی لائینوں پر لکھیے۔ 1x3=3

A. وہ جگہ جہاں 'عدم تعاون تحریک' کو واپس لیا گیا تھا۔

B. وہ جگہ جہاں 'کسانوں کا ستیہ گرہ' شروع ہوا تھا۔

C. وہ جگہ جہاں 'انڈین نیشنل کانگریس' کا سیشن ہوا تھا۔

**نوٹ:۔ درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 29 کے بدلے :**

**(29.1)** عدم تعاون تحریک کو واپس لینے سے متعلق جگہ کا نام لکھیے۔

**(29.2)** گجرات میں وہ کون سی جگہ ہے، جہاں کسانوں نے 'ستیہ گرہ' شروع کیا تھا؟

**(29.3)** اس جگہ کا نام لکھیے جہاں 1927 میں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا تھا؟

**30.** ہندوستان کے دیئے ہوئے سیاسی خاکے کے نقشے پر درج ذیل کو مناسب علامتوں سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے۔ 3

A. سیلم۔ لوہے اور اسپات کا مرکز

B. کانڈلا۔ بڑی سمندری بندرگاہ

C. حیدرآباد۔ سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک

**نوٹ:۔ درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 30 کے بدلے :**

**(30.1)** تمل ناڈو میں واقع نیوکلیائی پلانٹ کا نام لکھیے۔

**(30.2)** اوڈیشہ میں کون سی بڑی سمندری بندرگاہ ہے؟

**(30.3)** درگاپور 'لوہے اور اسپات کا پلانٹ' کس ریاست میں واقع ہے؟